وفاقی جمہوریہ جرمنی کے وزیرِ خارجہ عالی مرتبت جناب جوہان ویڈفُل کا بھارت دورہ (ستمبر 01–03، 2025)

ستمبر 03، 2025

وفاقی جمہوریہ جرمنی کے وزیر خارجہ عالی مرتبت جوہان ویڈفُل نے 01-03 ستمبر 2025 کو بھارت کا سرکاری دورہ کیا. بطور جرمن وزیرِ خارجہ یہ ان کا بھارت کا پہلا سرکاری دورہ ہے. وزیرِ خارجہ ویڈفُل نے عزت مآب وزیر اعظم سے ملاقات کی اور 03 ستمبر 2025 کو وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر (ای اے ایم) کے ساتھ وفدی سطح کی بات چیت کی. انہوں نے نئی دہلی میں وزیرِ تجارت و صنعت جناب پیوش گوئل سے بھی ملاقات کی. اس دورے کے دوران، وزیر خارجہ ویڈفُل کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطحی تجارتی وفد بھی تھا، جو بھارت اور جرمنی کے درمیان تیزی سے فروغ پاتی اقتصادی شراکت داری کی عکاسی کرتا ہے.

2. وزیر برائے خارجی امور ڈاکٹر ایس جئے شنکر اور وزیرِ خارجہ ویڈفُل نے ہماری کثیر الجہتی اسٹریٹجک شراکت داری کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور تجارت و سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی، ٹیکنالوجی، سائنس و اختراع، سبز اور پائیدار ترقی کی شراکت داری، تعلیم اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا. دونوں فریق اس بات پر متفق ہوئے کہ ہمارے ممالک کے درمیان طلبہ کے تبادلوں اور تعلیمی روابط کو مزید فروغ دینے کے لیے اسکول اور کالج کی قلیل المدتی دوروں کے واسطے مفت ویزے فراہم کیے جائیں.

3. دونوں فریقوں نے روس- یوکرین تنازعہ میں ہوئی حالیہ پیش رفت، مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال، ہند-بحرالکاہل خطے میں باہمی تعاون کے ساتھ ساتھ دیگر علاقائی اور باہمی دلچسپی والے عالمی امور پر تبادلۂ خیال کیا. دونوں فریق ہند-بحرالکاہل کے خطے پر نئے دو طرفہ مشاورتی نظام قائم کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں.

4. وزیر خارجہ نے دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں بھارت کے ساتھ یکجہتی اور بھرپور حمایت پر جرمن حکومت کے لیے حکومتِ ہندکی طرف سے اظہار تشکر کیا.

5. ان کا یہ دورہ شہر بنگلورو سے شروع ہوا، جہاں وزیرِ خارجہ ویڈفُل اور ان کے وفد نے بھارت میں نمایاں موجودگی رکھنے والی جرمن کمپنیوں سے تبادلۂ خیال کیا اور 02 ستمبر 2025 کو نمایاں اختراعی اور ٹیکنالوجی مراکز کا دورہ کیا. ان کی مشغولیات میں بھارت کے نمایاں ادارے جیسے بھارتی خلائی تحقیقاتی تنظیم (ISRO) اور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس (IISc) میں منعقدہ اجلاس میں شریک ہونا بھی شامل تھا. بنگلورو کے دورے سے گرین ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل تبدیلی، مصنوعی ذہانت (AI)، خلائی شعبے میں تعاون اور پائیدار شہری ترقی جیسے شعبوں میں مزید باہمی تعاون کے مواقع اجاگر ہوئے ہیں.

6. یہ دورہ ایسے وقت ہو رہا ہے جب بھارت اور جرمنی باہمی اعتماد، مشترکہ جمہوری اقدار، عالمی استحکام اور پائیدار ترقی کے عزم پر قائم اسٹریٹجک شراکت داری کی 25ویں سالگرہ منا رہے ہیں.

نئی دہلی
ستمبر 03، 2025